राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

میرا شہر، میرے کتے

Original Publisher: Pratham Books
Author: Abodh Aras
Illustrator: Sumedha Sah
Photographer: Hashim Badani
Translator: Farisa Jabeen

ممبئی ایک گنجان آباد شہر ہے، یہاں ریل گاڑیاں اور کئی
ٹیکسیاں بھی ہیں۔ ۔ بہت سے خوش حال کتے بھی ہیں جو
اس کی گلیوں میں رہتے ہیں ۔ چلئیے اس شہر کی گلیوں میں
گھومتے ہیں ۔ اس شہر کی گلیوں میں رہنے والے کتوں سے
ملتے ہیں۔

ٹریفک کو ٹریفک پولیس کی مدد کرنا بہت پسند ہے۔ جب
بھی کوئی ٹریفک اصولوں کی خلاف ورزی کرتا ہے۔
ٹریفک اس گاڑی کا پیچھا کرتا ہے اور اس کے بغل میں
جا کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ کوئی بھی اس کی نگاہوں سے بچ
کر نکل نہیں پاتا۔

چیکو ایک سینیما گھر میں رہتا ہے۔ وہ چوکیدار کے ساتھ
ہی کھاتا اور کھیلتا ہے۔
ٹھنڈی رات میں چیکو ایک گٹھری میں دبک جاتا ہے جو
اس کے چوکیدار دوست نے اسی کے لئیے بنوائ ہے
۔

پیری اپّا کا پسندیدہ کھانا اڈلی اور دوسا ہے۔ روزانہ
ناشتے، اور رات کے کھانے کے لئیے وہ تین الگ الگ
ہوٹلوں میں جاتا ہے! پیری اپّا کھاتا رہتا ہے یا پھر
کھانے پینے کے خواب دیکھتا رہتا ہے۔

چمپی ایک بڑے میدان کے پاس رہتی ہے جہاں بچے
کرکٹ اور فٹبال کھیلتے ہیں۔
موریا جی نے، جو گنّے کا رس بیچتے ہیں اسے ڈھونڈا تھا۔
اس وقت وہ اپنے سر کی مالش کروا رہے تھے، جسے
چمپی کہتے ہے۔ تبھی سے اس کا نام چمپی پڑ گیا

جب وہ چھوٹا سا پلّا تھا، ہول کو ایک چوہوں کے ہول میں سے ایک چرچ کے مینیجر نے بچایا تھا۔ اس لئیے اس کا نام ہول رکھا گیا۔ انگریزی میں ہول کا مطلب بل یا سوراخ ہوتا ہے۔

بل سینیما گھر کی سیڑھیوں پر بیٹھا رہتا ہے اور اپنی دم ہلا کر فلم دیکھنے آنے والوں کا خیر مقدم کرتا رہتا ہے۔

کپتان ایک پارک میں رہتا ہے جہاں سچن تینڈولکر
کرکٹ کھیلا کرتے تھے۔ اسے دوڑنا پسند ہے۔
ہر سال وہ ممبئی میراتھن یعنی لمبی دوڑ میں بھاگنے والے
لوگوں کے ساتھ دوڑتا ہے۔ کپتان دوڑ پوری کرتا ہے۔
کوئی بھی اسے تمغہ نہیں دیتا لیکن وہ تو بس بسکٹ ہی
سے خوش ہو جاتا ہے۔

بوگی کو ریل گاڑیاں دیکھنا بہت پسند ہے۔
وہ ریل گاڑی کے پہلے درجے کے خواتین کے ڈبّے یعنی
بوگی میں پائی گئی تھی ۔ بوگی مہم جوئی کے ارادے سے
لوکل ٹرین میں چڑھ گئی تھی ۔ جبکہ اس کے پاس ٹکٹ
تک نہیں تھا۔

کالو اپنے شہر کے الگ الگ حصوں میں گھومتا رہتا ہے۔
اسے کسی نقشے کی بھی ضرورت نہیں پڑتی۔

کسی دن وہ سمندر کے کنارے گھومتا ہے تو اگلے دن
ریلوے اسٹیشن پہنچ جاتا ہے۔ ایک دن اپنے دوست کا
پیچھا کرتے ہوئے وہ ایک ریل گاڑی میں چڑھ گیا تھا۔

کالی کو بچوں کے ساتھ کھیلنا بہت پسند ہے۔ اس
کو بہت اچھا لگتا ہے جب بچے اس کو پیار کرتے
ہیں۔ وہ بچوں کو اپنی پیٹھ پر بھی بیٹھنے دیتی ہے!
کالی کی دیکھ بھال اسی گلی میں رہنے والا ایک
خاندان کرتا ہے۔

ممبئی شہر کے کتّے۔

ممبئی شہر کی سڑکوں کو اس کے کتوں کے بغیر تصور کرنا بہت مشکل ہے۔ ان آوارہ کتوں اور جن سے آپ اس کتاب میں ملے ہیں، ان سب کی دیکھ بھال شہر کے ہزاروں لوگ کرتے ہیں۔ وہ آپ کے پڑوس کے جوتے پالش کرنے والے چاچا، پولیس والا، سڑک پر ٹھیلا لگانے والے، سڑکوں پر رہنے والے یا بہت ہی خستہ حال گھروں میں رہنے والے لوگ ہو سکتے ہیں۔ ان کتوں کو کالو، ٹامی، جولی، جیسے نام ہوتے ہیں اور کئی کئی بار تو فلمی ستاروں کے نام پر بھی ان کے نام رکھے جاتے ہیں، جیسے ایشوریہ رائے، سلمان اور شاہ رخ۔ دی ویلفیئر آف اسٹرے ڈاگس نامی تنظیم پچھلے ۲۰ سالوں سے ان کتوں کی ٹیکہ اندازی (ویکسینیشن) وغیرہ کا کام کر رہی ہے۔

اس تصویری کتاب کو تیار کرنے میں تصویروں اور فوٹو دونوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے لئیے سمیدھا شاہ نے تصویر کشی کی ہے جبکہ فوٹو گرافی ہاشم بڈانی کی ہے۔

Acknowledgements

Story Attribution:

This story: میرا شہر، میرے کتے is translated by Farisa Jabeen . The © for this translation lies with Pratham Books, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'My City, My Dogs', by Abodh Aras . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: A dog sleeping around Gateway Of India, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Two dogs smiling at each other, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A dog standing with a traffic policeman on a zebra crossing, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A dog sitting with security guard on a pavement, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: A dog day dreaming about food , by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A dog stretching in front of a sugarcane vendor, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Dog being petted outside a theatre, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A dog running with joggers in a field, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: A dog looking at people on a railway platform, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: A dog sitting on a ladies coach train, by Sumedha Sah, Hashim Badani © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

میرا شہر، میرے کتے

(Urdu)

ممبئ کے گلی کوچوں میں رہنے والے کتوں سے ملئیے ۔ یہاں کی سڑکیں ان کے لئیے کھیل کا میدان ہیں اور انہوں نے شہر اور اس کے لوگوں کو اپنا بنایا ہوا ہے۔ اس کتاب کی تصاویر فوٹو اور تصویروں کے امتزاج سے بنائ گئ ہیں ۔ تصاویر سمیدھا ساہ نے بنائ ہے اور فوٹو گرافی ہاشم بڈانی کی ہیں ۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.